لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۴۷ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۵ محرم الحرام ۱۳۳۶ھ مطابق ۱۲ نومبر ۱۹۱۷ء | جلد ۲۹

فہرست مضامین

ملخص حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۱۶ اکتوبر ۱۹۱۷ء

حسب سفارش بخشی فوج منشی لال بہادر نائب بخشی فوج مشاہرہ ملحقہ پینتالیس روپیہ ماہوار کا پانچ روپیہ ماہوار الاؤنس یکم اکتوبر ۱۹۱۷ء سے منظور فرمایا گیا۔

حکم اجلاس ہمایوں بندگانِ حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۷ اکتوبر ۱۹۱۶ء

رائے ممبران کمیٹی سکرٹریز منظور ہے آئندہ مطابق اسکے عملدرآمد رہے۔ احکام جاری ہوں درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب ۔۔۔ سکرٹری بہادر

اعلیحضرت بندگانِ حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعرض میرسانند

جناب عالی

رپورٹ صاحب ہوم سکرٹری بہادر اس مضمون سے کمیٹی سکرٹریز میں پیش ہوئی کہ میونسپلٹی میں شمول آراضیات کی درخواستوں پر جن آراضیات کا تحریری ثبوت ہوتا ہے اُسکے شامل کرنے کی اجازت دیجاتی ہے۔ اور جنکا ثبوت تحریری پیش نہیں ہوتا اُسکی اجازت نہیں دیجاتی تو عذرداریاں پیش ہوتی ہیں اور بیان کیا جاتا ہے کہ موروثی آراضی ہے ثبوت تحریری کہاں سے پیش کیا جائے اسکے بعد ایک اور تحریر بھی صاحب ہوم سکرٹری بہادر کی اسی مسئلہ کی بابت آکر شامل ہوئی۔

ہم ممبران کمیٹی کی متفقہ رائے ہے کہ جس آراضی کی بابت درخواست میونسپلٹی میں پیش ہو اور اُسکی نسبت ثبوت تحریری نہو اور تحقیقات کافی سے یہ بات ثابت ہو جائے کہ آراضی سرکار کی متعلق نزول یا میونسپلٹی نہیں ہے تو ایک اطلاع میعادی ہفتہ اُس موقع پر اس امر کی عام طور پر ظاہر ہو جانیکی غرض سے چسپاں کرا دی جائے کہ فلاں شخص نے فلاں آراضی کی بابت اس مضمون کی درخواست دی ہے اور اس اعلان کے دوسرے پرت کی پشت پر جو تعمیل کنندہ کو دیا جائیگا تعمیل کرنیوالا شہادت اہل محلہ کی اس تصدیق کیلئے ثبت کرالے کہ اُسنے تعمیل حسب ہدایت کر دی یہ کاغذ شامل مثل کیا جائے اگر میعاد مندرجہ اطلاع کے اندر کوئی عذرداری پیش ہو تو میونسپلٹی سے اجازت نہ دیجائیگی بلکہ اُسکو حسب منشاء حکم ۔۔۔ ۱۹۱۶ء مطبوعہ گزٹ نمبری ۲۴ ہدایت کر دی جائیگی اور اگر کوئی عذرداری پیش نہو تو اجازت اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر سے دیدیجائیگی لیکن ایسی اجازت کسی کے حق پر کسی قسم کا کوئی اثر نہ پیدا کریگی نہ آئندہ حصول حق کی مانع متصور ہوگی جس آراضی کی بابت حصول اجازت کی درخواست گذری ہے اگر وہ ایسی جگہ واقع ہے جو راستہ اور گذرگاہ خلائق ہے تو عطائے اجازت کیوقت یہ امر قابل لحاظ ہوگا کہ راستہ تنگ ہو کر تکلیف عامہ خلائق نہو جائے آئندہ جیسا حکم ہو واجب التعمیل ہے فقط

معروضہ ۲۳ اکتوبر ۱۹۱۶ء

دستخط ۔۔۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

اضافہ

۴ نومبر ۱۹۱۶ء

حسب منشاء حکم بندگانِ عالی دام اقبالہم و ملکہم سید جان ہیڈ کانسٹبل ملٹری جدید مشاہرہ دار پندرہ روپیہ ماہوار کی تنخواہ موجودہ میں یکم نومبر سنہ حال سے پانچ روپیہ ماہوار اضافہ کیا جانا منظور کیا گیا۔

تنزل

۱۰ نومبر ۱۹۱۶ء

حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس عبد المجید خاں ہیڈ کانسٹبل کا دو روپیہ ماہوار برائے چھ ماہ تنزل کیا گیا۔

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

اضافہ

۳ نومبر ۱۹۱۶ء

حسب منشاء حکم بندگانِ عالی دام اقبالہم و ملکہم عطاء الحق محرر رجسٹری صدر کی تنخواہ میں دس روپیہ ماہوار کا اضافہ یکم اکتوبر ۱۹۱۶ء سے منظور کیا گیا اب تنخواہ اُنکی چالیس روپیہ ماہوار ہوگی۔

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۴ نومبر لغایت ۱۰ نومبر سنہ ۱۹۱۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰۷ مار			۹ مار	۰۸ مار	۸ مار	تحصیل شاہ آباد و ملک سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۱۰ مار			۱۲ مار	۱۵ مار	۰۱۳ مار	
نخود کسر آمیز	۱۴ مار			۱۶ مار	۱۲ مار	۱۵ مار	
کتھہ	۰۱۴ مار			۱۷ مار	۱۸ مار	۱۶ مار	
ماش	۸ مار			۰	۸ مار	۸ مار	
مونگ	۰۸ مار			۸ مار	۸ مار	۰۸ مار	
مکا	۰۱۴ مار			۱۶ مار	۱۷ مار	۱۶ مار	
جئی	۱۶ مار			۱۶ مار	۲۰ مار	۱۴ مار	
گوجئی				۱۲ مار	۱۳ مار	۱۲ مار	
عدس	۰۹ مار			۱۰ مار	۰۹ مار	۹ مار	
ارہر	۱۴ مار			۹ مار	۱۵ مار	۱۴ مار	
برنج	۰۶ مار			۷ مار	۸ مار	۸ مار	
روغن زرد	۰ مار			۰ رر مار	۰ مر مار	۰ رر مار	
روغن سیاہ	۲ مار			۲ مار	۲ مار	۲ مار	
روغن کنجد	۱۰ مار			۱ مر مار	۱ مر مار	۱۰ مر مار	
نمک سانبھر	۶ مار			۶ مار	۶ مار	۶ مار	
نمک لاہوری	۶ مار			۴ مار	۵ مار	۷ مار	
قند سیاہ	۳ مار			۴ مار	۴ مار	۴ مار	
باجرہ	۱۲ مار			۰	۱۲ مار	×	